ماہِ قرآن رمضان المبارک میں امتّ محبوبِ رحمٰن کو پہنچائیں،
پیغامِ قرآن اور فرامینِ شاہِ دو جہان
درسِ قرآن و حدیث
رمضان المبارک 1446
پیشکش
علامہ راشد علی عطاری مدنی
درس نمبر: 21
ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

درسِ رمضان المبارک:21

مرتب
مولانا محمد سلیمان

زیرِ نگرانی
علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَكَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَكَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ اکیس مع درسِ حدیث

مرتب : مولانا محمد سلیمان

صفحات : 15

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اور نواھی منتخب کر کے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل کے کورس ”فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس“ کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

مولانا محمد سلیمان

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دو اربعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاءاللہ

خلاصہ پارہ اکیس

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوة والسلام عليك يارسو ل الله

قران پاک کی تلاوت کرو، نماز کو قائم کرو(پ 21العنکبوت 45)

اہل کتاب سے بہترین انداز میں بحث ومباحثہ کرو، اور تمام آسمانی کتابوں پر ایمان لانے کا اقرار کرو(پ 21العنکبوت 46)

اللہ کی کتابوں میں شک نہ کرو(پ 21العنکبوت 48)

آیات قرآنیہ کا انکار نہ کرو(پ 21العنکبوت 50)

اے ایمان والو کتاب اللہ کی تلاوت سے رحمت اور نصیحت حاصل کرو (پ، 21العنکبوت، 51)

اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کرکے خسارے میں نہ پڑو (پ، 21العنکبوت 52,53,54,55)

اللہ تعالی کی عبادت کو اپنے اوپر لازم کرو(پ، 21، العنکبوت 56)

ہر وقت موت کو اپنے پیش نظر رکھو(پ 21العنکبوت 57)

آسمان اور زمین وغیرہ سے قدرت الہی کا نظارہ کرو(پ 21العنکبوت

(61

اللہ تعالی کی تقسیم پر ہمیشہ راضی رہو(پ 21 العنکبوت 62)

اللہ تعالی کی نعمتوں کو دیکھ کر کثرت سے حمد باری تعالی کرو(پ،21 العنکبوت 63)

اللہ تعالی کی نعمتوں پر شکر کرنے کو لازم پکڑو(پ،21 العنکبوت 67)

حق کو جھٹلا کر ظلم کا ارتکاب نہ کرو(پ،21 العنکبوت 68)

اپنے معاملات میں اللہ تعالی سے مدد مانگو اور اس کی مدد کا یقین رکھو(پ 21 الروم 1 تا 5)

وعدے کی پاسداری کو اپنے اوپر لازم کرو، فکر آخرت سے غفلت نہ برتو(پ 21 الروم 6 اور 7)

تخلیقات الہیہ میں غور و تفکر کر کے اللہ تعالی کی ملاقات پر ایمان لاؤ(پ،21 الروم 8)

اللہ تعالی کی نافرمانی کر کے اپنی جانوں پر ظلم نہ کرو(پ،21 الروم 9)

اللہ تعالی کی نافرمانی کر کے حدود اللہ کو پامال نہ کرو(پ،21،الروم 10)

اللہ تعالیٰ کی قدرت میں غور و تفکر کرو(پ،21الروم11)

اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچ کر قیامت کی ہولناکیوں سے اپنے آپ کو بچاؤ(پ،21الروم12 تا14)

ایمان اور اچھے اعمال کے ذریعے جنت کی ابدی نعمتیں حاصل کرو(پ،21الروم15اور16)

صبح شام اللہ تعالیٰ کی تسبیح اور حمد کرو(پ،21الروم17)

اللہ تعالیٰ کی شان تخلیق میں غور و تفکر کرو(پ،21الروم19)

بغیر علم کے ظالموں کی طرح اپنی خواہشات کی پیروی نہ کرو(پ 21 الروم29،28)

ہر باطل سے الگ ہو کر اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو(پ21الروم30)

تقوی اختیار کرو، نماز قائم کرو(پ21الروم31)

گمراہ فرقوں سے بچو(پ21الروم32)

غمی، خوشی ہر حال میں اللہ تعالیٰ کو یاد رکھو(پ21الروم33 تا36)

ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہو(پ21الروم37)

قریبی رشتہ داروں، مسکینوں اور مسافروں کے ساتھ حسن سلوک کرو

اور اس سے اللہ تعالی کی رضا چاہو(پ 21 الروم 38)

سودی لین دین نہ کرو،

غربا اور مساکین کو اللہ تعالی کی رضا کے لیے زکوۃ دو(پ 21 الروم 39)

قدرت الہی کی مختلف نشانیاں دیکھ کر اللہ تعالی کی تسبیح بیان کرو

اللہ تعالی کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھراؤ(پ 21 الروم 40)

اللہ تعالی کی نافرمانی سے بچ کر اپنے آپ کو مصیبتوں اور پریشانیوں میں مبتلا ہونے سے بچاؤ(پ 21 الروم 41)

اعمال بد سے بچ کر اور اعمال حسنہ کر کے اپنے آپ کو فائدہ پہنچاؤ(پ 21 الروم 44،45)

تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا حق مانو اور اس کی وحدانیت پر ایمان لا کر اس کے شکر گزار بندے بن جاؤ۔

اللہ تعالی کی طرف سے آنے والی آزمائشوں پر صبر کرو اور ناشکری نہ کرو(پ 21 الروم 51)

کافر یا فاسق کے حق بات کو نہ ماننے کی وجہ سے دل کو رنجیدہ نہ کرو(پ

21الروم52،53)

قدرت کے انداز تخلیق سے سبق حاصل کرکے اپنی زندگی کے احوال میں تبدیلی لاؤ(پ21الروم54)

نیک اعمال کے ذریعے اپنے آپ کو قیامت کی ہولناکیوں سے بچاؤ(پ 21الروم55تا57)

اللہ تعالی کی نشانیوں کا مذاق نہ اڑاؤ کہ یہ دل پر مہر لگنے کا باعث ہے (پ21الروم58تا60)

قران پاک کو مضبوطی سے تھام کر گمراہی سے بچو(پ 21 لقمان 1تا3)

نیک لوگوں کے اوصاف اپنا کر کامیاب لوگوں میں شامل ہونے کی کوشش کرو(پ21لقمان5،4)

اپنے آپ کو ہر لغو اور بے مقصد گفتگو اور کاموں سے بچاؤ(پ 21 لقمان6)

قران پاک کی تلاوت کو خوب توجہ سے سنو کہ یہ سننا فرض ہے(پ 21لقمان7)

ایمان اور اچھے اعمال کے ذریعے جنت کی ابدی نعمتیں حاصل کرو(پ 21 لقمان 8،9)

ہر حال میں اللہ تعالی کا شکر ادا کرو اور ناشکری سے بچو(پ 21 لقمان 12)

شرک سے بچو کہ یہ سب سے بڑا ظلم ہے(پ 21 لقمان 13)

اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک کرو(پ 21 لقمان 14)

اگر والدین شرک یا گناہ کا حکم دیں تو ان کی بات نہ مانو(کیونکہ مخلوق کی اطاعت میں خالق کی نافرمانی جائز نہیں ہے)(پ 21 لقمان 15)

اپنے آپ کو اللہ تعالی کی چھوٹی سے چھوٹی نافرمانی سے بھی بچاؤ(پ 21 لقمان 16)

اس آیت میں چار چیزوں کے متعلق حکم دیا گیا(1) نماز قائم کرو(2) اچھائی کا حکم دو(3) برائی سے منع کرو(4) اور مصیبتوں پر صبر کرو(پ 21 لقمان 17)

نہ تو لوگوں سے تکبر سے پیش آؤ اور نہ ہی زمین میں تکبر کے ساتھ چلو (پ 21 لقمان 18)

اپنے چلنے میں درمیانی چال رکھو اور بات کرتے ہوئے چیخنے چلانے سے احتراز کرو(پ21 لقمان19)

علم کے بغیر دینی احکام اور مسائل میں بحث نہ کرو(پ21 لقمان20)

باطل عقائد و نظریات اور اعمال میں اپنے آباؤ واجداد کی پیروی نہ کرو(پ21 لقمان21)

اپنے ہر کام کو اللہ تعالی کے سپرد کر کے اس کے مضبوط سہارے کو تھام لو(پ21 لقمان22)

مرنے کے بعد اٹھنا حق ہے لہذا اس کے لیے تیاری کرو(پ21 لقمان 28)

قیامت کا واقع ہونا حق ہے لہذا اس کے متعلق شک نہ کرو(پ 21 السجدہ10)

موت کا واقع ہونا حق ہے لہذا اس کی اچھے انداز میں تیاری کرو(پ21 السجدہ11)

اپنے آپ کو گناہوں سے بچا کر رب کریم کی بارگاہ کی شرمندگی سے بچو(پ21 السجدہ12)

اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تحمید کرو اور تکبر سے بچو (پ21 السجدہ15)

رب تعالیٰ کی آیتوں سے اعراض کر کے مجرم نہ بنو (پ 21 السجدہ 22)

راہ خدا میں آنے والی آزمائشوں پر صبر کرو (پ21 السجدہ24،25)

برباد شدہ لوگوں کی بستیوں کے آثار سے عبرت حاصل کرو (پ 21 السجدہ26)

تقوی اختیار کرو، نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے نام سے ندا نہ دو، کفار اور منافقین کی بات نہ مانو (پ21 الاحزاب 1)

اپنی بیویوں سے ظہار کرنے سے بچو، لے پالک بچوں کو پالنے والوں کا بیٹا قرار نہ دو (پ21 الاحزاب4)

لے پالک بچوں کو ان کے حقیقی باپوں کی طرف منسوب کر کے پکارو (پ21 الاحزاب5)

دینی و دنیوی امور میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات پر عمل کرو، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مقابلے میں نفس کی خواہش کو ترک کرو (پ21 الاحزاب6)

اولوالعزم رسولوں کی سیرت کے مطابق دین کی تبلیغ کرو(پ 21 الاحزاب7،8)

اللہ تعالی کے اپنے اوپر احسانات کو یاد کر کے اللہ تعالی کا شکر ادا کرو(پ21الاحزاب10)

اللہ تعالی کی طرف سے آنے والی آزمائشوں پر صبر کرو(پ 21 الاحزاب11)

احکامات الہی کو ماننے میں منافقت اور دین دشمنی سے بچو(پ 21 الاحزاب12)

عقیدہ کی کمزوری اور منافقت سے بچو(پ21الاحزاب14)

اپنے وعدے اور عہد کی پاسداری کرو(پ21الاحزاب15)

اللہ تعالی کی تقدیر پر راضی رہو اور اللہ تعالٰی پر مضبوط توکل کرو(پ 21الاحزاب16،17)

منافقین کی طرح مشکل اوقات میں اپنے مسلمان بھائی کا ساتھ نہ چھوڑو(پ21الاحزاب19،20)

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کو اپنا کر اپنی دنیا اور آخرت

کو کامیاب کرو(پ21الاحزاب21)

آزمائشوں پر صبر کر کے اپنے ایمان کو مزید بڑھانے کا سامان کرو(پ 21الاحزاب22)

اپنے وعدوں اور اپنی نذروں کو پورا کرو(پ21الاحزاب23)

راہ خدا میں قربانیاں دے کر اللہ تعالی کا فضل و کرم حاصل کرو(پ 21الاحزاب24)

راہ خدا میں جہاد کر کے دنیوی و آخروی فوائد حاصل کرو(پ 21 الاحزاب27)

دنیا کے مقابلے میں آخرت کو ترجیح دو(پ21الاحزاب29،28)

درسِ حدیث نبوی ﷺ

سب کو اچھّے انداز میں جواب دیا جاتا ہے

مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ فِي شَرْقٍ وَلَا غَرْبٍ اِلَّا اللهُ وَمَلَائِكَتُهُ يَرُدُّ عَلَيْهِ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: "مشرِق و مغرِب میں جو مسلمان مجھ پر سلام بھیجے، اللہ پاک اوراُس کے فرشتے اُسے اُس سے اچھے انداز میں جواب عطا فرماتے ہیں۔"

(لسان المیزان لابن حجر عسقلانی، 5/341)

ہزار بار دُرودِ پاک پڑھنے کی فضیلت

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ اَلْفاً زَاحَمَتْ كَتِفُهُ كَتِفِيْ عَلَى بَابِ الْجَنَّةِ

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: جو مجھ پر ہزار بار دُرودِ پاک

بھیجتا ہے جنّت کے دروازے پر وہ میرے کندھے کے ساتھ کندھا مِلائے ہو گا۔(القول البدیع، ص242)

فرشتہ قیامت تک دُرود بھیجتا ہے

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَاۃً تَعْظِیمًا لِحَقِّیْ جَعَلَ اللہُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ تِلْکَ الْکَلِمَۃِ مَلَکًا جَنَاحٌ لَہُ فِی الْمَشْرِقِ وَجَنَاحٌ لَہُ فِی الْمَغْرِبِ، وَرِجْلَاہُ فِی تُخُومِ الْاَرْضِ، وَعُنُقُہُ مَلْوِیٌّ تَحْتَ الْعَرْشِ فَیَقُولُ اللہُ عَزَّوَجَلَّ لَہُ: صَلِّ عَلٰی عَبْدِی کَمَا صَلّٰی عَلٰی نَبِیِّیْ فَھُوَیُصَلِّیْ عَلَیْہِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جو میرے حق کی تعظیم کرتے ہوئے مجھ پر درود بھیجتا ہے، اللہ پاک اس سے ایک فرشتہ پیدا فرماتاہے جس کا ایک بازو مشرِق میں، دوسرا مغرِب میں، دونوں پاؤں ساتوِیں زمین میں اور گردن عرش کے نیچے ہوتی ہے، اللہ پاک اُسے فرماتا ہے: تم میرے بندے پر اسی طرح درود بھیجو جس طرح اس نے میرے نبی

پر بھیجا۔پس وہ فرشتہ تاقیامت اس بندے پر درود بھیجتا رہے گا۔"(الترغیب لابن شاہین، ص14)

✍راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر:ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل
https://wa.me/923126392663